# نومولود کے اشاروں کی اقسام

## مائل کرنے کے اشارے:

مائل کرنے کے اشاروں سے مُراد ایسے برتاؤ اور حرکات جو بچے کی دیکھ بھال کرنے والے سے بات چیت کرنے اور سماجی سرگرمیوں کا حصہ بننے کی خواہش کو ظاہر کرے۔

ان اشاروں کی چند مثالوں میں شامل ہیں:

آنکھوں میں دیکھنا، مُسکرانا، سر ہلانا اور پر سکون جسمانی حرکات کرنا۔



## علیحدگی اختیار کرنے کے اشارے:

علیحدگی اختیار کرنے کے اشاروں سے مُراد ایسے برتاؤ اور حرکات جو بچے کی دیگھ بھال کرنے والے سے بات چیت نہ کرنے اور سماجی سرگرمیوں کا حصہ نہ بننے کی خواہش ظاہر کریں۔

ان اشاروں کی چند مثالوں میں شامل ہیں:

آنکھوں میں نہ دیکھنا، دیکھ بھال کرنے والے سے منہ موڑنا، بازو باندھ لینا اور بے چین جسمانی حرکات کا مُظاہرہ کرنا۔



مزید معلومات اور سوالات کی صورت میں اپنے نزدیکی آغا خان ہیلتھ سروس سینٹر سے رابطہ کریں۔

# احساسات اور جذبات

وقت کے ساتھ ساتھ نومولود کئی جذبات کا اظہار کرنے لگتے ہیں۔ جیسے خوشی، خوف اور غُصہ۔ اور وہ دوسروں کے جذبات کو پہچاننے اور اس پر ردِعمل ظاہر کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔



# سماجی رابطہ

بچے شروع سے ہی اپنے دیکھ بھال کرنے والوں اور اپنے اردگرد پائے جانے والے دیگر بڑوں سے رابطہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔





یہ پوسٹر آغا خان فاونڈیشن اور گلوبل افیئرز کینیڈا کی مالی امداد سے بنایا گیا ہے اور اس کا اصل مواد آغا خان یونیورسٹی کی کتاب سے منتخب کیا گیا ہے۔